بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share
Expedia.co.jp
ロンドン - ノボテル ロンドン...
1泊 ¥26,000～
今すぐ予約

# ملائیشیا کے دارالحکومت کوالالمپور میں ’’سندھ مینگو فیسٹیول کا انعقاد

## سرمایہ کاری بورڈ سندھ سمیت آم کے بڑے برآمد کنندگان پر مشتمل وفد بھی نمائش میں شرکت کریگا

اسلام آباد (اے پی پی) ملائیشیا کے دارالحکومت کوالالمپور میں ’’سندھ مینگو فیسٹیول‘‘ آج منگل کو شروع ہوگا۔ فیسٹیول کے انعقاد کے بعد پاکستانی آموں کو فروخت کیلئے دارالحکومت کے بڑے سپر اسٹور اور مارکیٹوں میں پیش کیا جائے گا۔ سندھ مینگو فیسٹیول کا انعقاد سرمایہ کاری بورڈ سندھ اور ملائشیا میں پاکستانی ہائی کمیشن کے باہمی تعاون سے کیا جارہا ہے۔ مینگو فیسٹیول میں سندھ کے مختلف علاقوں میں پیدا ہونے والے سندھڑی، بیگم پالی، چونسہ، لنگڑا، انور رٹول، سرولی، دوسہری اور سنہرا آم کی مختلف اقسام سمیت آم سے تیار کی جانے والی دیگر مصنوعات کی بھی نمائش کی جائیگی۔ سرمایہ کاری بورڈ سندھ کے چیئرمین محمد زبیر موتی والا کی قیادت میں آم کے بڑے برآمدکنندگان پر مشتمل وفد بھی نمائش میں شرکت کرے گا تاکہ مختلف شراکت داروں سے کاروباری ملاقاتوں کے ذریعہ آم کی برآمدات کو فروغ دیا جاسکے۔ اس کے علاوہ اعلیٰ سطحی تجارتی وفد حلال فوڈز، مخصوص اقتصادی زونز، اربن ڈویلپمنٹ اور انفرااسٹرکچر، زراعت، لائیو اسٹاک اور فوڈ ویلیوایڈیشن کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے بھی مذاکرات کئے جائیں گے۔ کوالالمپور میں تعینات پاکستانی ہائی کمشنر شاہد کیانی نے کہا فیسٹیول کا انعقاد انتہائی خوش آئند ہے جس سے ملائیشیاء میں پاکستانی آموں کی طلب میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ فیسٹیول سے آم کی برآمدات کے فروغ میں مدد ملے گی جس سے دونوں ممالک کے باہمی تجارتی روابط بڑھیں گے۔ شاہد کیانی نے کہا کہ فیسٹیول کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری بورڈ سندھ کیساتھ مل کر گول میز کانفرنس بھی منعقد کی جائیگی تاکہ ملائیشیاء کی کاروباری و تاجر برادری کو ملک میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقعوں سے آگاہ کیا جاسکے۔ گول میز کانفرنس میں 30 سے زائد اداروں کے سربراہان شرکت کریں گے۔

آج کا اخبار پڑھئے

ShareThis